غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST


## قرآن پاک

نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو۔ (القرآن)

## حدیث پاک

اوپر والا ہاتھ (دینے والا) نیچے والے ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہے۔ (الحدیث)


مئی 2005 شمارہ نمبر 15 مرتب کردہ: شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن



66۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔فون: 042-5882939,5850966

E-mail: info@get.org.pk Visit us: www.get.org.pk


حرف آغاز

## ہمارا کل

منظّم اور متحرک اداروں میں 'مستقبل بینی' (Future Thinking) کو ایک بنیادی ضرورت قرار دیا گیا ہے۔ تیز رفتاری سے بدلتی ہوئی دنیا، نئے حالات، نئے امکانات میں وہی افراد اور ادارے فروغ پاتے ہیں جو مستقبل میں پیش آنے [والی ص]ورت حال سے نبرد آزما ہونے کیلئے پہلے سے تیار ہوں۔

صورتِ شمشیر ہے دستِ قضا میں وہ قوم
کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب

ناتجربہ کاری، جوش خروش اور آگے بڑھنے کی لگن میں خطا کا احتمال کوئی انہونی بات نہیں۔ اصل رکاوٹ غلطی پر اصرار اور کمزوری پر پردہ ڈالنا ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اپنے قیام کے ۸ویں سال اس بات کا اہتمام کیا کہ قیام کے پہلے دن سے لیکر لمحۂ موجود تک اپنے اغراض ومقاصد، کارکردگی اور فیصلوں کا بے لاگ تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے جد و جہد کے آئندہ نقوش نمایاں کئے جائیں۔ مشاورت، تبادلہ خیال اور تجاویز وتنقید کا یہ نظام غزالی ٹرسٹ کے ہر شعبے میں نیچے سے اوپر تک سارا سال جاری رہتا ہے مگر اس مرتبہ ٹرسٹ نے اس بات کا اہتمام کیا کہ اپنی بنیادی ٹیم کے ذمہ دار افراد کو دو دن ایک بھرپور ورکشاپ (Extensive Exercise) کی صورت میں یہ موقع فراہم کیا کہ وہ ٹرسٹ کے وژن مشن سے لیکر اداروں کی تعلیمی صورتحال اور فنڈ ریزنگ سے لیکر ملازمین کے لیے وضع کردہ قواعد ضوابط کا بھی معروضی اور تفصیلی جائزہ [لیں]۔ اس سرگرمی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ارکان، مختلف شعبہ جات کے سربراہان اور ٹرسٹ کے منتخب والنٹیئرز نے شرکت کی۔ ٹرسٹ نے وژن 2010ء کے نام سے اگلے پانچ سالوں کیلئے اہداف سازی بھی کی اور پہلے سے جاری شدہ فیصلوں میں ضرورت کے مطابق ردو بدل بھی کیا۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنے والے دنوں میں تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے ساتھ ساتھ ٹرسٹ وطن عزیز کے پسماندہ علاقوں میں علم کی مزید شمعیں روشن کرے گا۔ اساتذہ کو معاشی وقار ومعاشرتی احترام دینے سے لیکر ہر ذہین طالب علم کے لئے روشن مستقبل کی کرنیں پہنچانے تک اپنی جدو جہد جاری رکھے گا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی صدا ہر اس فرد کے لئے ہے جو حالات پر کڑھنے اور ماحول کا رونا رونے کی بجائے امید کی جوت جگائے۔

وہی زمانے کی گردش پہ غالب آتا ہے
جو ہر نفس سے کرے عمرِ جاوداں پیدا

(سید وقاص انجم جعفری)
سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

## ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی



غزالی سکول سسٹم مکیانہ (گجرات) کا شمار علاقے کی معیاری درسگاہوں میں ہوتا ہے۔ 10 اساتذہ اور 218 بچوں پر مشتمل اس سکول میں مڈل تک کی کلاسز کا اہتمام ہے۔ اس سکول کی طالبہ ربیعہ ظفر کا شمار سکول کے بہترین طلباء وطالبات میں کیا جاتا ہے۔ ربیعہ نے کلاس اول تا سوئم تیسری جبکہ چہارم میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ ربیعہ پنجم میں بورڈ کے امتحان میں بھی اچھی کارکردگی دکھانے کے لئے پرعزم ہے۔ ربیعہ کے والد ظفر اقبال ایک ریٹائرڈ فوجی تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے گاؤں میں ہی کچھ قابل کاشت رقبہ لیکر اس پر کھیتی باڑی شروع کر دی ان کا پہلا مطمع نظر اپنی بڑی بیٹیوں کی شادی اور ایک بیٹے کو اچھی تعلیم دلوانا تھا اس مقصد کے لئے وہ بڑی محنت سے دھرتی کا سینہ چیر کر مناسب فصل کے حصول کے لئے کوشاں رہتے۔ ان کی محنت رنگ لائی اور بالآخر وہ بیٹیوں کے ہاتھ پیلے کرنے میں کامیاب ہو گئے اور بیٹا بھی پرائمری کلاس تک پہنچ گیا۔ پھر اللہ نے انہیں ربیعہ کی صورت میں ایک اور چاند سی بیٹی عطا کی۔ لیکن قدرت کو اس خاندان کا امتحان مقصود تھا، اچانک ظفر اقبال عارفہ قلب میں مبتلا ہو گئے۔ لیکن اس عارضہ کے علاج کے حوالے سے انکی غربت آڑے آنے لگی اور پھر ایک روز ظفر اقبال اس مہلک بیماری اور غربت سے لڑتے ہوئے زندگی کی بازی ہار بیٹھے۔ یہ واقعہ پورے خاندان پر قیامت بن کر ٹوٹا اور خاص طور پر معصوم ربیعہ کو تو باپ کی شفقت کا بہت تھوڑا حصہ میسر آ سکا۔ ربیعہ کی والدہ کا واحد معاشی سہارا ظفر اقبال کی 500 روپے کی پنشن اور مختصر سی زرعی اراضی ہی رہ گئی جس کی دیکھ بھال کے حوالے سے انکا بیٹا ابھی چھوٹا تھا۔ اسکے علاوہ انہیں ربیعہ کی تعلیم کی فکر بھی تھی کیونکہ انکے خاوند نے تمام مشکل حالات کے باوجود اپنے بچوں اور بچیوں کی تعلیمی ضروریات کا ہر ممکن خیال رکھا تھا اسی دوران غزالی سکول سسٹم کے پرنسپل ربیعہ کے تایا کو ملے اور خوشخبری سنائی کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جہاں دور دراز دیہات میں شہروں جیسی معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے وہیں ضرورتمند یتیم بچوں کی کتابوں، کاپیوں، یونیفارم، جوتوں اور فیس کے تمام تر اخراجات بھی درد دل رکھنے والے مخیّر حضرات کے تعاون سے برداشت کر رہا ہے۔ انہوں نے ربیعہ کو فی الفور غزالی سکول سسٹم میں داخل کرانے کی سفارش کی۔ ربیعہ کی والدہ تک جب یہ خوش کن پیغام پہنچا تو انہوں نے اگلے ہی روز ربیعہ کو غزالی سکول سسٹم میں داخل کروا دیا آج ربیعہ جہاں تعلیمی منازل کامیابی سے طے کر رہی ہے وہیں ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی دوسرے بچوں میں ممتاز ہے، صباحی اسمبلی پروگرامات اور سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں ربیعہ کی تقاریر اور قومی ترانے ان پروگرامز کی جان ہوتے ہیں اور ایک ''روشن مستقبل'' ربیعہ کا منتظر ہے۔ آج ربیعہ کی والدہ غزالی ٹرسٹ کی کامیابی کے لئے دعا گو ہیں۔

## ہمارے مہمان

ٹرسٹ کی ہمیشہ سے یہ خواہش رہی ہے کہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کو فروغ تعلیم کی اس جدوجہد سے آگاہ رکھا جائے اور انکے مفید مشوروں سے استفادہ کیا جائے۔ اسی سلسلے کے تحت پچھلی سہ ماہی میں درج ذیل شخصیات نے ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور ذمہ داران ٹرسٹ سے ملاقات کی۔

**برطانیہ کی نمایاں سماجی تنظیم مسلم ایڈ** کے ٹرسٹی ڈاکٹر عبدالباری، منیجر اوورسیز پروگرام ناصر بلال اور پاکستان میں رابطہ آفیسر معزالدین نے غزالی سکول ہنر (لاہور) اور ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران معزز مہمانان نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود، منیجر سکولز شہید الحق ظفر سے ملاقات کی اور سکول کی سطح پر ٹرسٹ کے نظام کو سراہتے ہوئے مستقبل میں مسلم ایڈ کی طرف سے تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

**نیوسینچری ایجوکیشن** کے شہزاد قمر نے ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور نصاب سازی سے متعلق نیوسینچری ایجوکیشن کے کام سے ذمہ داران ٹرسٹ کو آگاہ کیا۔

**LUMS سے** MBA فائنل کے طالبعلموں سارہ پرویز، عاصم مہر، بلال احسن، عمر فاروق اور زینب عثمان نے ٹرسٹ کے کام کا جائزہ لینے اور بعد ازاں اس پر رپورٹ مرتب کرنے کے حوالے سے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران ٹرسٹ کی طرف سے سہل کاری کے فرائض شعبہ انسانی وسائل کے منیجر شفیق احمد اور منیجر سکولز شہید الحق ظفر نے ادا کیے۔

**پیپر ٹریڈنگ کمپنی** کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خبیب ملک نے ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کے دورے کے دوران ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود سے ملاقات کی اور اپنی کمپنی کی طرف سے ٹرسٹ کیلئے تعارفی بروشرز چھپوا کر دینے کا وعدہ کیا۔ یہ بروشرز ادارے کو موصول ہو چکے ہیں جسکے لئے ادارہ انکا مشکور ہے۔

**کویت میں مقیم** معروف سماجی شخصیت حاجی لیاقت وڑائچ نے مرکزی دفتر کے دورے کے دوران صدر ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل سے ملاقات کی، صدر ٹرسٹ کو دورہ کویت کی دعوت دی اور کویت میں ٹرسٹ کے کام کے فروغ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

**اسلامک کلچرل سینٹر ناروے** کے ایڈمنسٹریٹر اور سابقہ ڈائریکٹر سکولز حافظ طیب میاں نے ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا اور ٹرسٹ کی حالیہ پیش رفت پر خوشی و اطمینان کا اظہار کیا۔

**امریکہ میں مقیم** مسعود فاروقی کا شمار ٹرسٹ کے دیرینہ ساتھیوں میں ہوتا ہے۔ حال ہی میں مسعود فاروقی اور انکے اہل خانہ نے اپنے دورہ پاکستان کے دوران ٹرسٹ کے زیر انتظام چند سکولز کا دورہ کیا اور سکولز کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ مسعود فاروقی امریکہ کے معروف ہفت روزہ اردو ٹائمز سے وابستہ ہیں اور اردو کی ترویج کے لئے سرگرم عمل ہیں۔

**غزالی ایجوکیشنل فورم ناروے** کے سرگرم رکن محمد اظہر علی چوہدری نے غزالی سکول اڈا پل 93 فیصل آباد اور غزالی سکول شاہ سرمست (گجرات) کا دورہ کیا۔ اڈا پل 93 کا غزالی سکول محمد اظہر علی اور انکے دوستوں کے تعاون سے اپنی عمارت میں ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔ اظہر علی نے بعد ازاں ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کے دورے کے دوران ذمہ داران ٹرسٹ سے ملاقات کی اور سکول کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

## پانچ سالہ منصوبے کی تیاری

ماضی کے تجربات کی روشنی میں بہتر مستقبل کی منصوبہ بندی، مئوثر تنظیم کے لوازم میں سے ہے۔ مستقبل میں تعلیمی جدوجہد کے نقوش واضح کرنے کیلئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اس حوالے سے گذشتہ دنوں دو روزہ فیوچر سٹریٹیجی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس ورکشاپ میں ٹرسٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ارکان، ذیلی شعبہ جات کے ذمہ داران، منتخب مہمانان اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ کا بنیادی مقصد ٹرسٹ کے قیام سے لیکر ابتک کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور آئندہ پانچ سال کیلئے ایسا منصوبہ وضع کرنا تھا جس پر عمل کر کے فروغ تعلیم کی اس جدوجہد کو مزید تقویت دی جا سکے۔ شرکائے ورکشاپ کو چار گروپس میں تقسیم کر کے مخصوص موضوعات کا تعین کیا گیا۔ ہر گروپ نے متعلقہ موضوع پر سیر حاصل گفتگو کے بعد اپنی تجاویز باقی گروپس کے سامنے رکھیں، جنہوں نے ان تجاویز کا تنقیدی جائزہ لیا۔ ان تجاویز کو مزید غور و خوض کے بعد بورڈ آف ڈائریکٹر کی حتمی منظوری کیلئے جلد پیش کر دیا جائے گا۔

## ذمہ داران ٹرسٹ کے دورہ جات

**ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ** سید عامر محمود، پروگرام منیجر شعبہ انسانی وسائل شفیق احمد اور منیجر سکولز شہید الحق ظفر نے حکومت پنجاب کے ادارے "ڈائریکٹوریٹ آف سٹاف ڈویلپمنٹ" کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ دو روزہ کانفرنس میں ٹرسٹ کی نمائندگی کی۔ اس موقع پر مختلف اداروں شرکاء نے تربیت اساتذہ کے حوالے سے اپنے ادارے کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ شرکائے کانفرنس نے حکومت کو تربیت اساتذہ کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ منتظمین نے حکومت کی طرف سے یقین دہانی کروائی کہ وہ ان تجاویز کی روشنی میں تربیت اساتذہ کا بہتر نظام وضع کر سکیں گے۔

**ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ** سید عامر محمود اور منیجر سکولز شہید الحق ظفر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی مشیر برائے تعلیم سعدیہ الیس چودھری کی طرف سے "حکومت اور سماجی تنظیموں کے درمیان اشتراک" کے موضوع پر بلائی جانے والی میٹنگ میں شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری تعلیم پنجاب اور مشیر وزیر اعلیٰ نے سماجی تنظیموں کے نمائندگان سے گفتگو کے دوران اس بات پر زور دیا کہ سماجی تنظیمیں اور حکومت ملکر معاشرے میں مثبت تبدیلی کی طرف بہتر پیش قدمی کر سکتی ہیں۔

**شعبہ حصول اراضی و تعمیرات (LACD)** کے ڈائریکٹر محمد مشتاق مانگٹ، پروگرام منیجر افتخار احمد شیخ اور اسسٹنٹ پروگرام آفیسر سیف الرحمٰن نے غزالی سکولز سسٹم لیٹی (چکوال)، مکیانہ (گجرات)، چک 81 (سرگودھا)، چیلہ (جھنگ)، ساندل (گوجر خان)، ملیاں (شیخوپورہ)، ہنر (لاہور) کا دورہ کیا اور وہاں استعمال ہونے والے میٹریل اور تعمیراتی اخراجات کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔

**منیجر سکولز** شہید الحق ظفر نے ملتان ریجن کے سکولز شام کوٹ، پیرے والا موڑ اور متی تل کا دورہ کیا۔ انہوں نے ملتان ریجن کے ڈسٹرکٹ منیجر ز کی میٹنگ میں بھی شرکت کی اور ڈسٹرکٹ منیجر ز کے دورہ جات سکولز، سکول گریڈنگ، عشرہ شجر کاری اور داخلہ مہم کے بارے میں اہداف کا جائزہ لیا۔

**شعبہ ترقی و ابلاغ (I & P)** پروگرام آفیسر احسن سرفراز، پروگرام کوآرڈینیٹر سید تحریم ارتضٰی اور شعبہ انسانی وسائل کے منیجر شفیق احمد نے روزنامہ نوائے وقت اور جنگ کے معروف کالم نگاروں پروفیسر ڈاکٹر اجمل نیازی، اور یا مقبول جان سے دو الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ذمہ داران ٹرسٹ نے معزز کالم نگاروں کو ٹرسٹ کے زیر انتظام سکولز کے دورہ کی دعوت دی۔ دونوں حضرات نے اس دعوت کو قبول کرتے ہوئے پہلی فرصت میں کسی قریبی غزالی سکول کے دورے کی یقین دہانی کروائی۔

◇

## مؤثر تدریس ڈپلومہ (Diploma in Teaching Effectiveness)

غزالی ٹرسٹ اساتذہ کی پیشہ ورانہ بہتری کے لئے تربیت اساتذہ پروگرامات ترجیحی بنیادوں پر منعقد کرتا رہتا ہے۔ اس سلسلے کے کچھ پروگرامات کا حال ذیل میں دیا جارہا ہے۔

**غزالی سکول دھریمہ (سرگودھا)** میں ہونے والے مؤثر تدریس ڈپلومہ کے پروگرام میں ضلع سرگودھا اور خوشاب کے اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں شعبہ انسانی وسائل کے منیجر شفیق احمد نے ''انگلش تدریس'' کے عنوان پر روشنی ڈالی۔

**ضلع فیصل آباد (شمالی)** کے تحت مؤثر تدریس ڈپلومہ کے سلسلہ میں 3 ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا۔ ان ورکشاپس میں 180 اساتذہ شریک ہوئے۔ ورکشاپس میں معیار تعلیم اور سکول کے مجموعی ماحول کو بہتر بنانے کے حوالے سے لیکچرز اور باہمی مکالمے کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں شریک اساتذہ نے پروگرام کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ورکشاپ سے حاصل کردہ معلومات کی روشنی میں اپنے طریقہ تدریس کو مزید مؤثر بنا پائیں گے۔

**ضلع ڈیرہ غازیخان** میں مؤثر تدریس ڈپلومہ کا انعقاد جاوید اقبال اخوان ڈسٹرکٹ منیجر ڈیرہ غازیخان کے زیرنگرانی ہوا۔ اس ورکشاپ کا موضوع ''تدریس اردو'' تھا۔

**غزالی سکول ٹھل حمزہ (رحیم یارخان)** میں مؤثر تدریس ڈپلومہ ورکشاپ کے موضوعات ''مؤثر طریقہ تدریس'' اور ''انگلش تدریس'' رہے جبکہ سہل کاری کے فرائض محمد اقبال گوہر نے سرانجام دیئے۔ شرکائے ورکشاپ نے خاصی دلجمعی سے سارے پروگرام میں شرکت کی۔

**گوجرانوالہ اور شیخوپورہ** کے اضلاع کے اساتذہ کی مشترکہ ورکشاپ غزالی سکول ہردیو (شیخوپورہ) میں منعقد ہوئی۔ یہ ورکشاپ پچھلے پانچ ماہ سے باقاعدگی کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے اس ورکشاپ میں اب تک اساتذہ کو 9 کورسز مکمل کروائے جاچکے ہیں۔ ہر کورس کے اختتام پر اساتذہ موضوع پر باہمی مکالمہ کرتے ہیں۔ اساتذہ نے اس ورکشاپ کو تدریس کے جدید طریقہ سے سیکھنے کے حوالے سے انتہائی مفید قرار دیا۔

## پری پوسٹنگ ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ہر سال نئے اساتذہ کی تعیناتی کے موقع پر شعبہ انسانی وسائل کے زیرنگرانی ایک پری پوسٹنگ ورکشاپ (Pre Posting Workshop) کا انعقاد کرتا ہے۔ اس ورکشاپ میں اساتذہ کو ٹرسٹ کے مقاصد، اساتذہ کی ذمہ داریوں اور سکول کی بہتری کے حوالے سے آگاہی دی جاتی ہے۔ یہ ورکشاپ ایک نئے استاد کیلئے اپنی عظیم تر ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے حوالے سے کافی ممد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ اسی سلسلے کے تحت ایک تین روزہ پری پوسٹنگ ورکشاپ اپریل کے پہلے عشرے میں منعقد کی گئی۔ جسمیں 200 نئے اساتذہ شریک ہوئے۔ اس ورکشاپ میں تعلیم، تدریس، کردار سازی، کمیونٹی موبلائزیشن، تربیت اساتذہ جیسے موضوعات پر معروف ماہرین تعلیم اور ٹرسٹ کے مرکزی ذمہ داران نے خطاب کیا۔

## ہونہار غزالئین کا اعزاز

غزالی ٹرسٹ کا بنیادی مقصد دور دراز اور پسماندہ دیہات میں معیاری تعلیم کی فراہمی ہے۔ ٹرسٹ کے زیرانتظام سکولز کے طلباء و طالبات، تعلیمی میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں اسکی ایک تازہ ترین مثال طالب علم راشد علی کی پی۔اے۔ایف کیڈٹ کالج سرگودھا کے داخلہ ٹیسٹ میں کامیابی ہے۔ راشد علی نے حال ہی میں غزالی سکول 79 ج ب (فیصل آباد) سے ہشتم کلاس کا امتحان پاس کرنے کے بعد پی۔اے۔ایف کیڈٹ کالج (سرگودھا) میں داخلہ ٹیسٹ دیا تھا۔ اس کامیابی پر سکول میں ہونہار طالبعلم کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں چوہدری زاہد وقاص چیف کنسلٹنٹ اقراء اکیڈمی، پروفیسر محمد فاروق چیف کنسلٹنٹ سرسید ماڈل سکول، ڈاکٹر محمد آصف، چوہدری طارق محمود مان، طاہر اقبال و دیگر معززین علاقہ نے شرکت کی اور اس کامیابی پر سکول کی انتظامیہ کو مبارکباد دی۔ طالبعلم کیڈٹ راشد علی نے اپنی کامیابی کو غزالی سکول کے پرنسپل چوہدری ندیم، ٹیچر محمد سرفراز دیگر سٹاف اور والدین کی محنت اور دعاؤں کا نتیجہ قرار دیا ہے۔

---

## مقامی سکول کمیٹی (Local School Comitee) کے اجلاس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرانتظام ہر سکول کی سطح پر ایک مقامی سکول کمیٹی قائم ہے۔ جسکے ممبران میں سکول کے پرنسپل اساتذہ اور معززین علاقہ شامل ہیں۔ یہ لوکل سکول کمیٹی سکول کی مجموعی کارکردگی اور مسائل کے حل کے لیے منصوبہ بندی کرتی ہے۔ ذیل میں چند سکولز کی مقامی سکول کمیٹی (LSC) کے اجلاسوں کی جھلک پیش کی جارہی ہے۔

**غزالی سکول عثمان کوریہ (مظفر گڑھ)** کی مقامی سکول کمیٹی کے اجلاس میں پرائمری کے بورڈ کا امتحان دینے والے طلباء و طالبات کی تیاری کا حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ اس تقریب کی نظامت کے فرائض عرفان احمد عرفانی نے ادا کیے۔ جبکہ دیگر شرکاء میں ماسٹر اللہ یار، ماسٹر نواز اور ناظم یونین کونسل ملک ریاض احمد شامل تھے۔

**غزالی سکول دھریمہ (سرگودھا)** کی مقامی سکول کمیٹی کا اجلاس حسین احمد گوندل کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اس موقع پر ریجنل منیجر لاہور وقار احمد گوندل اور ڈسٹرکٹ منیجر سرگودھا ڈاکٹر شاہد اقبال بھی موجود تھے۔ پرنسپل سکول ہذا نے سکول کی کارکردگی کے حوالے سے رپورٹ پیش کی۔ جبکہ دیگر شرکاء نے رپورٹ کے توجہ طلب امور پر بحث کی اور سکول کی مجموعی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایک صاحب مجلس نے 500 روپے سہارا ترقیاتی تنظیم نے 25 مستحق طلباء کے لئے جبکہ منظور حسین مغل نے 10 مستحق طلباء کے لئے کورس کی کتابیں مفت دینے کا اعلان کیا، علاوہ ازیں صدر ینگ بلڈ ویلفیئر سوسائٹی عبدالرؤف نے ایک عدد کمپیوٹر دینے کا وعدہ کیا۔ ریفریشمنٹ کے بعد اس مجلس کا اختتام ہوا۔

**غزالی سکول تری خیل (میانوالی)** کی مقامی سکول کمیٹی کے اجلاس میں منور حسن کونسلر، شیر خان ممبر LSC اور رانا محمد ناظم ڈسٹرکٹ منیجر سکولز ضلع میانوالی کے علاوہ دیگر ممبران بھی شریک رہے۔ اس موقع پر سکول کی عمارت کے مسئلے پر تفصیلی غور و خوض کے بعد ممبر LSC شیر احمد خان نے سکول کے لئے ایک اضافی کمرے کا کرایہ جو کہ 3600 روپے سالانہ بنتا ہے اپنے ذمہ لینے کا اعلان کیا۔

**غزالی سکول کوٹ مبارک (ڈیرہ غازیخان)** کی لوکل سکول کمیٹی کا اجلاس ڈاکٹر عبدالستار کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ جاوید اقبال اخوان کے درس قرآن کے بعد پرنسپل غلام سرور نے سکول کی سہ ماہی رپورٹ پیش کی۔ تمام ممبران نے رپورٹ کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بعدازاں تمام ممبران نے کلاسز کا دورہ کیا اور بچوں کی تعلیمی صورتحال کا جائزہ لیا۔

## مقامی کمیونٹی کی طرف سے عطیات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے پروگرام کا بنیادی جز ومقامی کمیونٹی کا تعاون واعتماد حاصل کرنا بھی ہے اس سلسلے میں مقامی کمیونٹی کی طرف سے درج ذیل عطیات موصول ہوئے ہیں۔

**غزالی سکول دائرہ دین پناہ (ڈیرہ غازیخان)** کو انجینئر محمد اقبال نے کمپیوٹر اور محمد مظہر نے مبلغ 1000 روپے عطیہ دیا۔

**غزالی سکول نوروالا (ڈیرہ غازیخان)** کو صوفی محمد عیسیٰ نے دو کنال زمین اور مبلغ 10,000 روپے کا عطیہ دیا۔

**غزالی سکول کوٹ مبارک (ڈیرہ غازیخان)** میں ڈاکٹر عبدالستار جاوید اور ڈاکٹر عبدالرحیم نے یتیم بچوں کی تعلیمی کفالت اپنے ذمہ لینے کا اعلان کیا۔

**غزالی سکول روڈہ (خوشاب)** کے لئے ایک نیک دل شخصیت (نام ظاہر نہ کرنے کا کہا ہے) نے 4 کنال اراضی بطور عطیہ دی ہے۔

**غزالی سکول ڈیرہ ڈاکٹر یسٰین (رحیم یار خان)** کے لئے علاقے کی معروف شخصیت ڈاکٹر یسٰین نے 3 کنال اراضی پر مشتمل 12 کمروں کی عمارت عطیہ میں دینے کا اعلان کیا ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ اراضی پر کمروں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جبکہ باقی عمارت پر کام تیزی سے جاری ہے۔

**غزالی سکول دنوری (نارووال)** کے لئے محمد عثمان نے مبلغ 5000 روپے، محمد الیاس شیخ نے ایک کمپیوٹر، محمد عاصم شیخ نے کمپیوٹر ٹرالی جبکہ ایک اہل خیر نے (نام ظاہر نہ کرنے کا کہا ہے) واٹر پمپ کا عطیہ دیا۔

**غزالی سکول توحید آباد 63GB (فیصل آباد شمالی)** کے لئے جماعت اسلامی جڑانوالہ کی طرف سے -/10,000 روپے کا عطیہ موصول ہوا۔

## غزالی فورم

غزالی فورم کا تازہ ترین اجلاس 4 مارچ 2005 کو ٹرسٹ کے مرکزی دفتر منعقد ہوا۔ اس اجلاس کے مہمان مقرر ڈاکٹر امجد ثاقب تھے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب حکومت پنجاب میں اہم ذمہ داریاں نبھانے کے ساتھ ساتھ کئی کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب آجکل پنجاب رورل سپورٹ پروگرام کے ساتھ وابستہ ہونے کے علاوہ سماجی تنظیم "اخوت" سے بھی منسلک ہیں۔ ڈاکٹر امجد ثاقب نے معاشرے میں سماجی تنظیموں کا کردار کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی اور سامعین کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے "اخوت" تنظیم کے مقاصد اور کاوشوں پر بھی روشنی ڈالی۔ مہمان مقرر نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اس علمی سلسلے کو سراہتے ہوئے فروغ تعلیم کیلئے ٹرسٹ کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کی تعریف کی۔ اس پروگرام میں ٹرسٹ کے کارکنان، رضا کاران اور ڈونرز کی منتخب تعداد نے شرکت کی۔

## میڈیکل کیمپ اور فہم قرآن وسنت کورس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ، تعلیم کے ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہو مقامی آبادی کے لئے جسمانی و روحانی علاج کی سہولیات بھی فراہم کر رہا ہے۔ حال ہی میں غزالی سکول متی تل (ملتان) میں ایک میڈیکل کیمپ اور 8 روزہ فہم قرآن وسنت کورس کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ کے انچارج ڈاکٹر محمد شہزاد خالد نے مریضوں کا چیک اپ کیا اور مفت دوائیں فراہم کیں۔ اس میڈیکل کیمپ سے مقامی کمیونٹی کے 200 سے زائد افراد مستفید ہوئے۔ جبکہ قرآن کلاس کے انچارج محمد کبیر مسلم اور مدرس چوہدری محمد لطیف تھے۔ اس پروگرام میں اوسطاً روز 100 افراد نے شرکت کی، علاقے کے لوگوں نے ایسی دینی اور سماجی تقاریب کے انعقاد پر ذمہ داران ٹرسٹ کو مبارکباد پیش کی اور مستقبل میں بھی ایسی تقاریب منعقد کرنے پر زور دیا۔

## غزالی کالج برائے خواتین

ذیل میں غزالی کالجز برائے خواتین کی ہونہار طالبات کی کچھ سرگرمیوں کا احوال پیش کیا جا رہا ہے۔

کوئین میری کالج لاہور میں منعقدہ آل پاکستان بین الکلیاتی مقابلہ جات میں غزالی کالج برائے خواتین لاہور کی ٹیم نے حصہ لیا۔ اس اہم پروگرام میں غزالی کالج کی طالبات رابعہ محمود، عائشہ صدیقی اور رابعہ حفیظ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آرائش گل، نظم اور غزل کے مقابلہ جات میں دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ پنجابی ٹاکرا میں آصفہ بتول نے حوصلہ افزائی کا انعام حاصل کیا۔

غزالی کالج اسلام آباد نے طالبات کی ہم نصابی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے فن فیئر کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی عائشہ منور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود اور ڈائریکٹر سکولز عامر محمود چیمہ نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا اور طالبات کی کاوشوں کو سراہا۔

## شجر کاری و آرائش سکولز

ٹرسٹ کے زیر انتظام جشن بہاراں ایک خاص انداز میں منایا جاتا ہے۔ اسی سلسلے کے تحت کچھ سکولوں کی سرگرمیاں بیان کی جا رہی ہیں۔

**غزالی سکول کامرہ (اسلام آباد)** کے بچوں نے مختلف تصاویر چارٹس اور گملوں کے ذریعے کلاسز کو سجایا جبکہ سکول کے باہر بھی پودے لگائے گئے۔

**ضلع ڈیرہ غازیخان** کے سکولوں شادن لنڈ، چھابری بالا، یارو کھوسا اور کوٹ مبارک میں شجر کاری اور آرائش سکول مہم انتہائی جوش وخروش سے منائی گئی۔ بچوں کے درمیان "صفائی نصف ایمان ہے" کے موضوع پر تقریری مقابلہ بھی کروایا گیا۔

**غزالی سکول شاہو خیل اور طرہ باز ٹاؤن (میانوالی)** کی شجر کاری اور آرائش سکول مہم کا جائزہ لینے کے لئے سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص جعفری نے اچانک دورہ کیا اور اس سلسلے میں خصوصی ہدایات سے نوازا۔

## نئے تاحیات ممبر (Life Time Member)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ زیادہ سے زیادہ افراد کی اس عظیم علمی منصوبے میں دامے، درمے، سخنے شرکت کا خواہش مند ہے۔ پچھلی سہ ماہی میں درج ذیل افراد نے اس پکار پر لبیک کہتے ہوئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تاحیات ممبر شپ اختیار کی۔ یاد رہے کہ جہالت کے خاتمے کے حوالے سے اس علمی جدو جہد کا تاحیات ممبر (Life Time Member) بننے کی فیس 50 ہزار روپے ہے۔ ادارہ امید کرتا ہے کہ تمام تاحیات ممبرز نہ صرف خود ادارے کے مقاصد کے فروغ کیلئے اپنی عملی شرکت جاری رکھیں گے بلکہ اپنے دوست احباب کو بھی اس علمی کاوش سے متعارف کروانے کا ذریعہ ثابت ہونگے۔ انشاءاللہ

| نام ممبر | اقامتی ملک | نام ممبر | اقامتی ملک |
|---|---|---|---|
| ڈاکٹر شجاع الدین سلیم | نیو ہمپشائر، امریکہ | انور چوہدری | نیو جرسی، امریکہ |
| ڈاکٹر زاہد باجوہ | میسا چوسٹس، امریکہ | ڈاکٹر عبید اللہ انور | نیو جرسی، امریکہ |
| ڈاکٹر محمد ریاض انجم | جارجیا، امریکہ | ڈاکٹر سعید باجوہ | نیویارک، امریکہ |
| ڈاکٹر محسن باجوہ | ٹیکساس، امریکہ | ڈاکٹر اکرام حق | فلوریڈا، امریکہ |
| طیب شاہین | نیو جرسی، امریکہ | شوکت علی | النوائے، امریکہ |
| شبیر گل | نیویارک، امریکہ | مرزا نعیم بیگ | پاکستان |

## والدین اساتذہ ملاقات (Parent Teacher Meeting)

والدین کو بچوں کی کارکردگی سے آگاہ رکھنے اور سکول کی بہتری کے لیے مشورے میں شریک کرنے کی غرض سے اساتذہ والدین ملاقات (PTM) کا انعقاد غزالی ٹرسٹ کے پروگرام کا مستقل حصہ ہے۔ اس سلسلے کے تحت منعقد ہونے والے چند پروگرام کا احوال بیان کیا جارہا ہے۔

**غزالی سکول ستیانہ (فیصل آباد)** کی PTM کا آغاز پریپ کلاس کے طالبعلم کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پرنسپل سکول شگفتہ جبیں نے مہمان خصوصی رخشندہ جبیں (ضلعی ناظمہ بیٹھک سکول) اور پروگرام میں شریک خواتین کا شکریہ ادا کیا۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں علم کی اہمیت، گھر کا ماحول بہتر بنانے، بچوں کی تربیت اور والدین کے کردار پر روشنی ڈالی۔ بعدازاں بچوں اور سکول کے حوالے سے اساتذہ اور خواتین کے درمیان سیر حاصل بات چیت ہوئی۔ خواتین نے سکول میں کمپیوٹر کی تعلیم بھی شروع کرنے پر زور دیا۔ جس پر پرنسپل نے جلد کمپیوٹر کلاسز کے آغاز کی خوشخبری سنائی۔ آخر میں شرکاء کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

**غزالی سکول نوروالا (ڈیرہ غازیخان)** کی PTM جاوید اقبال اخوان ڈسٹرکٹ منیجر سکولز کی زیرصدارت منعقد ہوئی۔ اس پروگرام میں شریک والدین سے بچوں کی تعلیم، یونیفارم، مستحق بچوں کے لئے فنڈز کی فراہمی اور سکول کی عمارت جیسے موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ اسی میٹنگ میں سکول کے سرپرست صوفی محمد یسٰین نے دو کنال زمین سکول ہذا کو بطور عطیہ دی اور پلاٹ میں مٹی ڈلوانے کے لئے 10 ہزار روپے کا عطیہ دیا۔ آخر میں ڈسٹرکٹ منیجر سکولز نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

**غزالی سکول ڈھاک (خوشاب)** کی PTM ریجنل منیجر لاہور وقار احمد گوندل کی زیر صدارت منعقد ہوئی اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر سکولز مرزا فاروق بھی موجود تھے۔ والدین نے اس میٹنگ میں بھرپور شرکت کی اور سکول کی بہتری کے حوالے سے مشورہ جات دیئے۔ والدین نے سکول ہذا کو پرائمری سے بڑھا کر مڈل تک کرنے کا مطالبہ بھی کیا، جس پر ریجنل منیجر وقار احمد گوندل نے غور کرنے کا وعدہ کیا۔

## الوداعی تقریب

**غزالی سکول بہل (بھکر)** میں کلاس پنجم کے اعزاز میں الوداعی تقریب، پرنسپل سرفراز رانا کی زیرصدارت منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز کلاس چہارم کے طالبعلم محمد انوار کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبول کی سعادت کلاس چہارم ہی کی طالبہ شانزہ عزیز نے حاصل کی۔ اس تقریب کی دلچسپ بات کلاس پنجم اور چہارم کے درمیان پہیلی بوجھنے کا مقابلہ تھا، جس میں خاصی جدوجہد کے بعد بالآخر کلاس پنجم اول قرار پائی۔ کلاس پنجم کے انچارج بدرالدین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انکی کلاس امتحان میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے سکول کا نام روشن کرے گی۔ پرنسپل سرفراز رانا نے اپنے خطاب میں الوداع ہونے والے طلباء و طالبات کو زندگی کے ہر میدان میں محنت اور نیک نیتی سے کام کرنے اور اسلام کے سنہری اصولوں پر کاربند رہنے کی ہدایت کی۔ حافظ حسین احمد کی دعا کے ساتھ تقریب کا اختتام ہوا۔ آخر میں طلبا و طالبات کی تواضع چائے اور مٹھائی سے کی گئی۔

## تربیتی تقریری پروگرام (Internship Program)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے تربیتی تقرری (Intenship) کے حوالے سے ایک پروگرام وضع کیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد حال ہی میں فارغ التحصیل با صلاحیت نوجوانوں کی صلاحیتوں سے استفادہ کرنا اور ان کو پیشہ وارانہ حوالوں سے کام کا تجربہ فراہم کرنا ہے اس پروگرام کے تحت حال ہی میں عمرانی علوم (Social Sciences) کمپیوٹر سائنسز اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز جبکہ کامرس کے شعبہ میں گریجویشن کرنے والے طالبعلم بھی ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں شعبہ انسانی وسائل کے نام درخواست بھجوا سکتے ہیں۔ انٹرویو اور ٹسٹ کے بعد کامیاب امیدوارن کی تین ماہ سے ایک سال تک کیلئے تربیتی تقرری (Internship) عمل میں آسکتی ہے۔ دوران تربیت امیدواران کو مناسب مشاہرہ بھی دیا جائے گا۔

## غزالی چلڈرن فیسٹیول اور سپورٹس ڈے

نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "صحت مند ذہن، صحتمند جسم میں ہوتا ہے" اسی نظریے کے تحت غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرانتظام سکولز میں طلبہ کی ذہنی وجسمانی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے سالانہ ایک روزہ تقاریب کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جاتا ہے۔ ذیل میں ان تقاریب کے حوالے سے چند سکولز کی سرگرمیاں پیش کی جارہی ہیں۔

- اس سلسلے کی سب سے بڑی اور متنوع تقریب غزالی چلڈرن فیسٹیول کے عنوان سے ضلع وہاڑی کے چڑیا گھر میں منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں ضلع سے 10 غزالی سکولز کے 500 سے زائد طلبہ وطالبات اور معززین علاقہ شریک ہوئے۔ اس تقریب کے لئے پورے چڑیا گھر کو بینرز، جھنڈیوں، رنگ برنگے پرچموں اور شامیانوں سے سجایا گیا تھا۔ چڑیا گھر کے گیٹ پر استقبالیہ سٹال پر موجود ڈسٹرکٹ منیجر وہاڑی نے طلبا و طالبات اور اساتذہ کو خوش آمدید کہا۔ پروگرام میں بچوں کے لئے کھانے پینے کے سٹالز بھی لگائے گئے تھے، جہاں بچوں نے اپنی پسند کی اشیاء سے خوب استفادہ کیا۔ ایک اہم سٹال ضلع وہاڑی کے غزالی سکولز کی تاریخ کے حوالے سے لگایا گیا تھا جس میں عرصہ چار سال سے ضلع کے غزالی سکول میں ہونے والی سرگرمیوں، پروگرامز اور نصابی وہم نصابی کامیابیوں کو چارٹس، گرافس اور تصاویر کے ذریعے نمایاں کیا گیا تھا، جسے معززین علاقہ اور دیگر شرکائے فیسٹیول نے گہری دلچسپی سے دیکھا۔ اس چلڈرن فیسٹویل میں طلبہ وطالبات نے سیر وتفریح کے علاوہ تلاوت، نعت، تقاریر، ملی ترانوں، کوئز شو، خاکے، ڈرامے اور مختلف کھیلوں کے مقابلہ جات میں انتہائی جوش وخروش سے حصہ لیا۔ چڑیا گھر کے وسیع وعریض پارک اور پھولوں سے لدی کیاریوں کے درمیان منعقدہ اس تقریب کو علاقہ بھر کے لوگوں نے انتہائی سراہتے ہوئے یادگار تقریب قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر غزالی سکولز سسٹم ضلع وہاڑی کے سرپرست حاجی محمد طفیل وڑائچ، ریجنل منیجر ملتان غناء محمد گجر، ڈسٹرکٹ منیجر وہاڑی طارق جمیل اور سکولز کے پرنسپلز نے مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کیے۔
- غزالی سکول مکیانہ (گجرات) میں سپورٹس ڈے روائتی جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس حوالے سے کرکٹ، فٹ بال، رسہ کشی اور اتھلیٹکس کے مقابلے منعقد ہوئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ منیجر سکولز ضلع گجرات احسان الصمد اور دیگر معززین علاقہ نے مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کئے۔ اس پروگرام کے شاندار انعقاد پر اہل علاقہ نے سکول انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔
- غزالی گرلز ہائی سکول اڈاپل 93 گ ب (فیصل آباد) میں بھی سپورٹس ڈے پر میلے کا سا سماں رہا اس پروگرام میں روائتی کھیلوں کے علاوہ تین ٹانگوں والی دوڑ، خرگوش دوڑ، لنگڑا دوڑ، کیلے کھانے کا مقابلہ اور مینڈک دوڑ جیسے دلچسپ مقابلے شامل تھے۔ اس سپورٹس ڈے کا سب سے پسندیدہ مقابلہ اساتذہ کے درمیان دوڑ کا رہا، طالبات نے اپنی پسندیدہ اساتذہ کے حق میں خوب جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات میں سعدیہ بشیر (کلاس ششم) ماریہ اعظم (کلاس ہفتم)، ماریہ ظہور (کلاس ہفتم)، گلشن آراء (کلاس پنجم)، راشدہ حبیب (کلاس ہفتم)، سعدیہ وارث (کلاس دہم)، نازیہ عنائت اللہ (کلاس ہشتم)، نازیہ شوکت (کلاس دہم) اور راحت نسیم (کلاس ہشتم) شامل رہیں جبکہ اساتذہ کی دوڑ میں مس رفعت اول رہیں۔ پروگرام کے اختتام پر میڈم عرفانہ نے کامیاب طالبات میں انعامات تقسیم کئے۔

# مہمانوں کی کتاب سے

**میاں عامر محمود** — ناظم ضلع لاہور

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ تعلیم کے ذریعے قومی تعمیر کا شاندار کام سرانجام دے رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی عطا فرمائے۔

**سید مشتاق علی** — لاہور کنٹری سائیڈ لائینز کلب

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا پروگرام بہت اچھا ہے۔ اللہ اس میں مزید برکت عطا فرمائے۔ میں کوشش کرونگا کہ اپنے کلب کے بقیہ ارکان کو یہ سب کچھ دکھاؤں اور سناؤں اور پھر جو کچھ ہم سے بن پڑے وہ ذمہ داری بھی ادا کی جائے۔ انشاء اللہ

**ڈاکٹر حسن صہیب مراد** — چانسلر UMT لاہور

A great effort to uplift education and expand its reach. It is a unique success in Pakistan. I pray to Allah for its success and progress. (Amin)

**ڈاکٹر محمد عبدالباری** — ٹرسٹی مسلم ایڈ برطانیہ

Pleased to learn about the activities and standards of the work, I hope the work progress steady and the trust succeed in its noble mission.

**محمد طارق رحمٰن** — اکنا ریلیف یو ایس اے

I am glade to see the extensive & hard work an education for the poor and deprive children in Pakistan. May Allah reward the team for their good work. I pray to Allah for its growth stability so that the light of knowledge reaches to the deprived community in the country.

**مسعود فاروقی** — نمائندہ اردو ٹائمز مشی گن امریکہ

''رب زدنی علما'' اس دعا کی تعمیر غزالی ٹرسٹ کی شکل میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ پاکستان کی 100% آبادی، غزالی ٹرسٹ کی بدولت خواندگی کے بنیادی معیار کو کم از کم حاصل کر سکے۔

**خورشید گوہر قلم** — صدارتی ایوارڈ یافتہ معروف خطاط

غزالی ٹرسٹ بلاشبہ پاکستان میں نوجوان نسل کی مثبت اور اعلیٰ تربیت کرنے کا ایک قابل رشک ادارہ ہے۔ ہمارے ملک میں ایسے اداروں کی اشد ضرورت ہے۔ میں دل کی گہرائیوں سے ٹرسٹ کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔


# تعمیرات

شعبہ حصول اراضی وتعمیرات کے منیجر شیخ افتخار احمد کے مطابق سکولز میں جاری تعمیرات کی تازہ ترین صورتحال حسب ذیل ہے:۔

| سکول | ڈونر | تعمیری مرحلہ |
|---|---|---|
| پپلاں (میانوالی) | شہریار علی واحباب (سعودی عرب) | 6 کمرے زیر تعمیر چھت کی شٹرنگ مکمل |
| لیٹی (چکوال) | زمرد چودھری (سعودی عرب) | 6 کمرے زیر تعمیر DPC کا کام مکمل |
| مکیانہ (گجرات) | شہریار علی واحباب (سعودی عرب) | 4 کمروں کی تعمیر آخری مراحل میں |
| چک 81 (سرگودھا) | شہریار علی واحباب (سعودی عرب) | سکول کی تعمیر مکمل، کلاسز کا آغاز جلد متوقع |
| چیلہ (جھنگ) | مسلم کیمونٹی کینٹن (مشی گن امریکہ) | سکول کی تعمیر مکمل، کلاسز کا آغاز جلد متوقع |
| ساندل (گوجر خان) | کامران افضل اور انکے احباب (برطانیہ) | 6 کمروں کی تعمیر جاری، چھت کا کام مکمل |
| ہنر (لاہور) | عرفان ٹیکسٹائل اور رضی الدین شیخ (پاکستان) | سولنگ کا کام مکمل |


# چلڈرن کارنر


اس ہفتے کی بہترین تصویر











ہونہار غزالئنز کے فن پارے

canon

ایک نیا انداز

# WATER COOLER

*The Summer Convenience*

DISCOUNT

FOR MEMBERS & DONERS

FULL STAINLESS STEEL BODY
DANFOSS COMPRESSOR



Instant & continue supply line

2000 tumblers of chilled water

- Heavy duty water cooler designed specially for densely occupied premises such as industries, hospitals, educational institutions, etc.
- Storage type water cooler capable of providing instant supply up to 2000 tumblers (Glasses) of chilled water continuously.
- Exactly according to the prescribed cooling capacity.

Friendly Environment

CFC. Free 134-A, Refrigerant

2005 Latest Model

80-H, Model Town Lahore.
Tel: 042-5886016-8 Fax: 042-5886019
URL: www. canonappliances.com, E-mail: info@canonappliances.com

UAN:111-600-900

## Association For Academic Quality ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی

# آفاق ٹیکسٹ بکس

Afaq آفاق

ٹیکسٹ بکس

ٹیچرز ٹریننگ

تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غور وفکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور بامقصد تعلیم کا نام

ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259
فیکس: 7248259

آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585

کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔

ٹیکسٹ بکس کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔ 0300-4600509, 0300-8412905


# تصاویر کے آئینے میں




غزالی کالج برائے خواتین (اسلام آباد) کی تقریب تقسیم انعامات میں جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ BSC کی طالبہ کو شیلڈ دیتے ہوئے جبکہ ڈائریکٹر کالجز حافظ تنویر احمد بھی موجود ہیں۔




غزالی کالج برائے خواتین (لاہور) کی تقریب تقسیم اسناد میں سینئر کوثر فردوس FSc. کی طالبہ کو سند پیش کرتے ہوئے، جبکہ کالج کی پرنسپل مسز میمونہ احمد بھی موجود ہیں۔




ڈاکٹر امجد ثاقب ''معاشرے میں سماجی تنظیموں کا کردار'' کے موضوع پر منعقدہ غزالی فورم سے مخاطب ہیں۔



لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) کے ڈاکٹر شاہد صدیقی کوارٹر پلاننگ میٹنگ (QPM) میں ذمہ داران ٹرسٹ سے تبادلۂ خیال کرتے ہوئے۔




شعبہ حصول اراضی وتعمیرات کے منیجر شیخ افتخار احمد، UK سے ٹرسٹ کے معاون کامران افضل ودیگر احباب کو ٹرسٹ کے مرکزی دفتر آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے۔



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور LUMS کی ٹیم ٹرسٹ کے ''مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول سسٹم'' پر تبادلۂ خیال کرتے ہوئے۔




صدارتی ایوارڈ یافتہ معروف خطاط خورشید گوہر قلم ٹرسٹ کے مرکزی دفتر میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرسٹ سید عامر محمود، ریجنل منیجر لاہور وقار احمد گوندل اور پروگرام آفیسر احسن سرفراز کے ہمراہ۔





جائنٹ ڈائریکٹر نظامت تعلیم پروفیسر نصیر الدین ہمایوں، تربیت اساتذہ پروگرام میں ''تعمیر کردار بذریعہ تعلیم'' کے موضوع پر مخاطب ہیں۔



پری پوسٹنگ ورکشاپ میں شریک اساتذہ۔



دوروزہ ''فیوچر سٹریٹجک پلاننگ ورکشاپ'' کا ایک منظر۔



ناروے سے ٹرسٹ کے معاون اظہر چوہدری، غزالی سکول شاہ سرمست (گجرات) کے دورہ کے موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر گجرات احسان الصمد بھی ہمراہ ہیں۔



غزالی سکولز ضلع وہاڑی کی طرف سے منعقدہ ''غزالی چلڈرن فیسٹیول'' میں شریک بچیاں ملی نغمہ پیش کر رہی ہیں۔